مطبوعات

چراغِ راہ
قیادت نمبر

مرتبہ جناب نعیم صدیقی صاحب

قیمت عہ۔ سالانہ چندہ ۵ر

مقامِ اشاعت: ۹ لوٹیا بلڈنگ۔ رام باغ روڈ کراچی۔

ماہنامہ چراغ راہ کا پہلا پرچہ چھ ماہ کی طویل نظر بندی کے بعد قیادت نمبر کی شکل میں شائع ہوا ہے۔

اپنے ظاہری اور معنوی محاسن کی بنا پر ملک کے علمی، ادبی رسائل میں اس کا شمار صفِ اوّل میں ہوتا ہے۔ ان محاسن کے باوجود کہیں کہیں طنز، تعریض اور تنقید کا اشہبِ قلم حکمت اور موعظہ حسنہ کی شاہراہ سے ہٹ گیا ہے۔ اور تعمیر کی بہ نسبت تنقید کا پہلو زیادہ نمایاں نظر آتا ہے؛ بہرحال مجموعی طور پر موجودہ قیادت کی نقاب کشائی کے مقصد میں یہ نمبر کامیاب ہے۔ اور آئندہ لکھنے والوں کے لئے تنقید و تلمیح کی خارزار وادی میں ایک روشن چراغ راہ بن سکتا ہے،

ہفت روزہ الاعتصام

مرتبہ مولانا محمد حنیف صاحب ندوی،

چندہ سالانہ چھ روپیہ؛ فی پرچہ ۲ر

مقامِ اشاعت: دفتر انجمن اہل حدیث۔ گوجرانوالہ

یہ اخبار انجمن اہلحدیث گوجرانوالہ کی زیرِ سرپرستی شائع ہو رہا ہے، مضامین میں تنوّع، اندازِ بیان میں متانت اور دقت کے جدید فتنوں پر معقول تنقید، اس کو اپنے دوسرے پیش رو دینی مسائل و اخبارات سے ممتاز کر رہی ہے۔

مقامِ مسرّت ہے۔ کہ اس کا طرزِ نگارش، مناظرانہ رنگ اور محدود قسم کی مذہبیت سے بالاتر ہے۔ توقع ہے۔ کہ اقامتِ دین کی راہ میں یہ بہترین رفیق اور معاون ثابت ہوگا۔

"ہمارے علماء" کے عنوان سے مبالغہ آمیز اور ثقیل، پُرتکلف، ادبی انداز میں تعارفی مضامین کا سلسلہ الاعتصام کے وقار کے منافی معلوم ہوتا ہے۔ الاعتصام کے دامن کو اس قسم کی مدح سرائی سے پاک ہی رہنا چاہیئے (ع۔غ۔ح)